# 34516 ـ استطاعت کے باوجود فطرانہ ادا نہ کرنے کا حکم

**سوال**

اگر کوئی شخص استطاعت ہونے کے باوجود فطرانہ ادا نہ کرے تو اس کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جو شخص فطرانہ ادا نہیں کرتا اس پر واجب ہے کہ وہ اس عمل سے اللہ کے ہاں توبہ و استغفار کرے؛ کیونکہ اس نے فطرانہ ادا نہ کر کے گناہ کا ارتکاب کیا ہے، اور اسے یہ فطرانہ نکال کر مستحقین میں تقسیم کرنا چاہیے، اور نماز عید کے بعد فطرانہ ایك عام صدقہ شمار کیا جائیگا.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.